
مجموعہ معلومات



پرنس اسامہ پبلشرز

اسٹاکسٹ: میاں بک سنٹر دکان نمبر A-7، فسٹ فلور، زبیدہ سنٹر 40 اردو بازار لاہور
فون 042-5048879 موبائل 0321-4341289

اس کتاب میں

Scanned with CamScanner

قرآنی معلومات

سوال:۔قرآن پاک کی آیات اور رکوع کی تعداد کتنی ہے؟
جواب:۔آیات 6666 اور رکوع 540 ہیں۔
سوال:۔قرآن پاک میں زبروں، زیروں اور پیشوں کی تعداد کتنی ہے اور کس نے لگائیں؟
جواب:۔زبریں 53223، زیریں 39582 اور پیش 8804 ہیں اور یہ حجاج بن یوسف نے لگائیں۔
سوال:۔قرآن مجید میں مکی اور مدنی سورتوں کی تعداد کتنی ہے؟
جواب:۔مکی سورتیں 86 اور مدنی 28۔
سوال:۔قرآن پاک کی سورتوں کو مکی اور مدنی کہنے کی وجہ کیا ہے؟
جواب:۔قرآن پاک کی وہ سورتیں جو ہجرت سے پہلے نازل ہوئیں ان کو مکی اور جو ہجرت کے بعد نازل ہوئیں ان کو مدنی کہا جاتا ہے۔
سوال:۔قرآن پاک میں وہ کونسی سورۃ ہے۔جس کے شروع میں نہ بسم اللہ لکھی جاتی ہے۔اور نہ ہی بسم اللہ پڑھی جاتی ہے۔
جواب:۔سورۃ توبہ۔
سوال:۔لفظ قرآن کے معنی کیا ہیں؟
جواب:۔جو تلاوت کیا جائے۔
سوال:۔لفظ قرآن کا ایک معنی تو ہے وہ کتاب جس کو کثرت سے پڑھا جائے۔کیا اس کے علاوہ کوئی اور معنی بھی ہے؟
جواب:۔جی ہاں، لفظ قرآن کا ایک معنی جمع کرنا بھی ہے۔(المنجد)
سوال:۔قرآن کو قرآن کہنے کی وجہ کیا ہے؟
جواب:۔قرآن کو قرآن یا تو اس لئے کہتے ہیں کہ اس کو دنیا میں ہر کتاب کی بانسبت زیادہ تلاوت کیا جاتا ہے۔یا پھر اس لئے کہ قرآن پہلے تمام نبیوں اور رسولوں پر نازل ہونے والی کتابوں اور صحیفوں کے علم کو اپنے اندر جمع کرنے

والا ہے۔(المنجد)

سوال:۔قرآن پاک کے ذاتی اور صفاتی نام کتنے ہیں؟

جواب:۔ذاتی نام پانچ ہیں۔ القرآن، الفرقان، الذکر، التنزیل اور الکتاب اور صفاتی نام بعض علماء کے نزدیک (۹۹) ننانوے ہیں۔ جیسے المبارک، الحکیم، المجید اور النور وغیرہ۔

سوال:۔وحی کا معنی کیا ہے؟ اور حضور ﷺ پر وحی کس طرح نازل ہوئی؟

جواب:۔وحی کا معنی ہے۔اشارہ کرنا، پیغام دینا، چپکے سے بات کرنا کسی کے دل میں کوئی بات ڈالنا اور آپ ﷺ پر وحی کئی طریقوں سے نازل ہوئی۔کبھی خواب کی صورت میں، کبھی دل میں کوئی بات ڈال دی جاتی۔کبھی گھنٹی کی آواز کی صورت میں۔کبھی فرشتہ حاضر خدمت ہوتا۔کبھی فرشتہ کسی انسان کی شکل میں آتا اور کبھی اللہ تعالیٰ سے بغیر واسطہ کے کلام کے ذریعے۔

سوال:۔وحی کے طریقوں میں سے کون سا طریقہ آپ ﷺ کے لیے سخت تھا؟

جواب:۔سب سے زیادہ سخت طریقہ گھنٹی کی آواز کے ذریعے وحی والا ہے۔

سوال:۔قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ ہم نے قرآن کو لیلۃ القدر میں نازل کیا تو پھر یہ کہنا کہ قرآن پاک تقریباً 23 سال کے عرصے میں نازل ہوا اس کا مطلب کیا ہے؟

جواب:۔لیلۃ القدر میں نازل ہونے کا مطلب لوح محفوظ سے آسمانِ دنیا پر ایک ہی بار نازل ہوا اور پھر آسمانِ دنیا سے حضور نبی کریم ﷺ پر آہستہ آہستہ تقریباً 22 سال 5 ماہ اور 14 دن میں نازل ہوا۔

سوال:۔سب سے مختصر اور سب سے لمبی وحی کون سی ہے؟

جواب:۔سب سے مختصر سورۃ النساء کی آیت نمبر ۹ کے یہ الفاظ "غَیْرُ اُولِی الضَّرَر" ہے۔

سوال:۔سب سے آخری وحی کون سی ہے؟

جواب:۔بعض علماء کے نزدیک سب سے آخری وحی سورۃ البقرہ کی آیت

نمبر 281 ہے۔

سوال:۔ قرآن پاک کا زیادہ حصہ دن کو نازل ہوا یا رات کو؟

جواب:۔ قرآن پاک کا زیادہ حصہ دن کے وقت نازل ہوا۔

سوال:۔ وہ کونسی سورۃ ہے جو دو مرتبہ نازل ہوئی؟

جواب:۔ سورۃ الفاتحہ دو بار نازل ہوئی ایک بار مکہ اور ایک بار مدینہ میں۔

سوال:۔ حضور اکرم ﷺ کے زمانے میں قرآن پاک کس چیز پر لکھا جاتا تھا؟

جواب:۔ آپ ﷺ کے زمانے میں قرآن پاک چمڑے کے ٹکڑوں، صاف ہڈیوں، پتھروں اور کھجوروں کی شاخوں وغیرہ پر لکھا جاتا تھا۔

سوال:۔ قرآن پاک کی سورتوں کے نام کس نے رکھے؟

جواب:۔ سورتوں کے نام اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے ہی رکھے گئے ہیں۔

سوال:۔ وہ کون سی سورۃ ہے جسے ہر رات پڑھنے سے انسان قبر کے عذاب سے بچ جائے گا۔

جواب:۔ سورۃ الملک (پارہ نمبر 29)۔

سوال:۔ وہ کونسی سورۃ ہے جسے ہر رات پڑھنے سے انسان فقر و فاقہ سے بچ جاتا ہے؟

جواب:۔ سورۃ الواقع (پارہ نمبر 27)۔

سوال:۔ کل آیات اور بعض سورتوں کی آیات کی تعداد میں اختلاف اور فرق کی وجہ کیا ہے؟

جواب:۔ اس لئے کہ بعض اوقات حضور اکرم ﷺ آیت کے آخر میں وقف کرتے اور کبھی دو آیتوں کو ملا کر پڑھتے اس طرح سننے والوں میں اختلاف پیدا ہو گیا۔

سوال:۔ قرآن پاک کی سب سے چھوٹی آیت اور سب سے بڑی آیت کونسی ہے؟

جواب:۔ چھوٹی آیت دو حرفی ہے جیسے طٰہٰ، یٰسین وغیرہ اور بڑی آیت سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 282 ہے۔

سوال:۔ سورۃ الرحمٰن میں "فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ" کتنی مرتبہ آیا ہے؟
جواب:۔ اکتیس (31) مرتبہ۔

اسلامی معلومات

سوال:۔ اسلام کا معنی کیا ہے؟
جواب:۔ جھکنا۔ سلامتی والا ہونا۔
سوال:۔ اسلام اور ایمان میں فرق کیا ہے؟
جواب:۔ ظاہر کے جھک جانے کا نام اسلام اور باطن کے جھک جانے کا نام ایمان ہے۔
سوال:۔ رسولوں کی تعداد کتنی ہے؟
جواب:۔ رسول 313 ہیں۔
سوال:۔ وہ کونسی مسجد ہے جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کو خوشی نہیں بلکہ تکلیف ہوتی تھی لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اسے جلانے کا حکم دے دیا؟
جواب:۔ مسجد ضرار جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں پارہ نمبر 11 سورۃ توبہ کی آیت نمبر 107 میں ذکر کیا ہے۔
سوال:۔ وہ کونسی جگہ ہے جہاں سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر اٹھایا گیا؟
جواب:۔ مسجد اقصیٰ جس مقام پر واقع ہے۔
سوال:۔ مسجد اقصیٰ کی لمبائی اور چوڑائی کتنی ہے؟
جواب:۔ لمبائی 80 میٹر چوڑائی 55 میٹر۔
سوال:۔ جب حضور نبی کریم ﷺ نے انگلی کے اشارے سے چاند کے دو ٹکڑے کئے اس واقع کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب:۔ اس واقع کو شق القمر کہا جاتا ہے۔
سوال:۔ اسلام کی سب سے بڑی اکیڈمی کون سی ہے؟
جواب:۔ دار ارقم یعنی حضرت ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا گھر۔
سوال:۔ جن اور عورت نبی کیوں نہیں بن سکتے؟

جواب:۔ عورت نبی اس لئے نہیں بن سکتی کہ وہ ناقص العقل ہے۔ اور جن اس لئے نہیں کہ اس سے نبوت کا مقصد حاصل نہیں ہوتا۔ جو کہ نسل انسانی کے لئے راہنمائی اور عملی نمونہ ہے۔

سوال:۔ نبی اس بشر کو کہتے ہیں جس پر اللہ تعالیٰ نے ہدایت کے لیے وحی بھیجی ہو۔ کیا وحی کے بغیر بھی نبی ہو سکتا ہے؟

جواب:۔ نہیں! وحی کے بغیر نبی نہیں ہو سکتا، وحی کا ہونا ضروری ہے۔ خواہ فرشتہ کی معرفت ہو یا بلا واسطہ۔

سوال:۔ مشہور آسمانی کتابیں چار ہیں جو کہ چار رسولوں پر نازل ہوئیں۔ ان میں افضل کتاب افضل الرسول احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر نازل ہونے والی کتاب قرآن مجید ہے؟ افضلیت کا کیا مطلب جبکہ وہ بھی اللہ تعالیٰ کا کلام اور یہ بھی اللہ تعالیٰ کا کلام؟

جواب:۔ افضلیت کا مطلب یہ ہے کہ اس میں ہمارے لئے ثواب زیادہ ہے۔ ورنہ اللہ بھی ایک اس کا کلام بھی ایک اس میں افضل و مفضول کی گنجائش نہیں۔

سوال:۔ اگر دیگر آسمانی کتابوں میں سے کچھ حصہ قرآن کے خلاف آ جائے تو کیا مسلمان کو اس کا اقرار کرنا چاہیے یا کہ انکار کرنا چاہیے؟

جواب:۔ اگر دیگر آسمانی کتب کا کچھ حصہ ہمارے سامنے ہو تو ہم دیکھیں گے کہ وہ ہمارے قرآن کے مطابق ہے یا مخالف اگر مطابق ہو تو تصدیق کریں گے۔ اگر مخالف ہوا تو ان کی تحریفات پر مشتمل سمجھتے ہوئے چھوڑ دیں گے۔

سوال:۔ قرآن پاک کی طرح کیا دیگر آسمانی کتابیں بھی بچے بچے کو یاد ہوا کرتی ہیں؟

جواب:۔ نہیں دیگر کتب صرف انبیاء کو یاد ہوتی تھیں اور یہ صرف قرآن پاک کا اعجاز ہے کہ بچے بچے کو یاد ہے۔

سوال:۔ قرآن پاک کے کسی پارے، سورۃ آیت یا زبر، زیر میں شک کرنے والے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب:۔ قرآن پاک کے کسی بھی حصے کا انکار کرنے والا دائرۂ اسلام سے

خارج یعنی کافر ہے۔

سوال: ۔قرآن پاک کی سات مشہور اور متواتر قرائتین ہیں۔یعنی سات مختلف قرائتیں جس طرح قرائتوں میں اختلاف ہے کیا معنوں میں بھی اختلاف ہے؟

جواب: ۔نہیں معاذ اللہ معنی میں کوئی اختلاف نہیں۔

سوال: ۔قرآن پاک کی سات قرائتوں کو ایک ہی جگہ پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: ۔ایک ہی جگہ پر تمام قرائتیں نہیں پڑھ سکتے بلکہ جس ملک میں جو قرأت رائج ہے صرف وہی پڑھ سکتے ہیں۔

سوال: ۔ہمارے ملک میں جو قرأت رائج ہے اس کا نام کیا ہے؟

جواب: ۔قرأت عاصم بروایت حفص رحمھم اللہ۔

سوال: ۔قرآن پاک نے اگلی کتابوں کے بہت سے احکام منسوخ کردیئے اس طرح قرآن مجید کی بعض آیات نے بعض آیات کو منسوخ کردیا۔اس کا مطلب کیا ہے؟

جواب: ۔بعض احکام خاص وقت کے لئے ہوتے ہیں جب معیاد پوری ہوتی ہے تو دوسرا حکم نازل ہوتا ہے۔جس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ پہلا حکم اٹھادیا جبکہ حقیقت میں پہلے حکم کے ختم ہوجانے کا وقت بتایا جاتا ہے۔

سوال: ۔کیا وحی صرف نبی کے ساتھ خاص ہے؟

جواب: ۔جی ہاں وہ صرف نبی کے ساتھ خاص ہے۔جو شخص کسی غیر نبی کے لئے وحی مانے وہ کافر ہے۔

سوال: ۔وہ کون سا ملک ہے۔جس میں عید میلاد النبی ﷺ سرکاری سطح پر منایا جاتا ہے؟

جواب: دوبئی۔

سوال: ۔مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کے لئے زمین کی قیمت کس نے ادا کی؟

جواب: ۔حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

سوال: ۔حضور نبی کریم ﷺ نے اعلان نبوت کے بعد مکہ میں کتنے سال گزارے؟

جواب:۔ 13 سال۔

سوال:۔ مکہ سے ہجرت فرما کر حضور اکرم ﷺ نے مدینہ میں زندگی کے باقی کتنے سال پورے کیئے؟

جواب:۔ دس سال۔

سوال:۔ حضور نبی کریم ﷺ کو اسلام کی تبلیغ سے روکنے کے لئے کس نے دولت، عورت، قیادت اور حکومت کا لالچ دینا چاہا؟

جواب:۔ عتبہ بن ربیعہ جو کہ عرب کا ایک رئیس تھا؟

سوال:۔ مؤذنِ رسول حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خرید کر آزاد کرنے والے شخص کا نام کیا ہے؟

جواب:۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

سوال:۔ وہ کونسا شخص ہے جس کا گھوڑا حضور نبی کریم ﷺ کا تعاقب کرتے ہوئے زمین میں دھنس گیا۔

جواب:۔ سراقہ بن مالک جو مشہور شہسوار تھا۔

سوال:۔ وہ کونسی عورت ہے جس کی بکری کے خشک تھنوں پر آپ ﷺ نے ہاتھ پھیرا تو وہ دودھ سے بھر گئے۔ جس کو دیکھ کر اس نے اسلام قبول کر لیا؟

جواب:۔ معید بنت خالد۔

سوال:۔ مسجد نبوی میں پہلی بار اذان کس نے دی؟

جواب:۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے۔

سوال:۔ وہ کونسا جانثار ہے جو جنگ اُحد میں خالد بن ولید کے حملہ کے وقت حضور اکرم ﷺ کی طرف آتے ہوئے تیروں کو اپنے جسم سے ڈھال بن کر روکتا رہا؟

جواب:۔ حضرت ابو دجانہ رضی اللہ عنہ۔

سوال:۔ نابالغ بچوں کے گناہوں کی سزا کیا ہے؟

جواب:۔ بچوں کو بچپن کی تکلیفیں ان کے گناہوں کی سزا ہیں۔

سوال:۔ جانوروں کو ذبح اور درختوں کو کب کاٹا جاتا ہے؟

جواب:۔ جب وہ ذکر الٰہی سے غافل ہوتے ہیں۔
سوال:۔ انسان کا ناپاک بدن غسل سے پاک ہو جاتا ہے تو پھر جانوروں کا ناپاک بدن کیسے پاک ہوگا؟
جواب:۔ جانوروں کا ناپاک بدن خشک ہو جانے سے پاک ہو جاتا ہے۔
سوال:۔ وہ کونسا پانی ہے جو قیامت کے روز نیکیوں کے پلڑے میں رکھا جائے گا؟
جواب:۔ وضو کا استعمال شدہ پانی۔
سوال:۔ کائنات میں وہ کونسا مقام ہے جہاں درخت کاٹنا حرام اور گناہ ہے؟
جواب:۔ حرم شریف۔
سوال:۔ اللہ تعالیٰ نے آسمان بنائے، آسمان بنانے کے بعد زمین کو بچھایا، زمین کو بچھانے کا آغاز کہاں سے ہوا؟
جواب:۔ اس جگہ سے جہاں مکہ معظمہ ہے۔

ادبی معلومات

سوال:۔ انسائیکلوپیڈیا کے لئے اردو میں کون سا لفظ ہے؟
جواب:۔ اردو میں انسائیکلوپیڈیا کے لئے تین الفاظ موجود ہیں۔ مجمع العلوم، قاموس العلوم، دائرہ المعارف العلوم۔
سوال:۔ دہلی کے سب سے پہلے اردو ماہنامہ کا نام بتائیے؟
جواب:۔ ماہنامہ زبان۔
سوال:۔ علامہ اقبالؒ کا پہلا مجموعہ کلام بانگ درا کب شائع ہوا؟
جواب:۔ 1924ء۔
سوال:۔ اردو کی سب سے پہلی تنقیدی کتاب کا نام بتائیے؟
جواب:۔ مقدمہ شعر و شاعری۔
سوال:۔ اردو کے کون سے شاعر کو شاعری میں خدائے سخن کہتے ہیں؟
جواب:۔ میر تقی میر۔

سوال:۔اردو کے اس ادیب کا نام کیا ہے جس نے ترکی افسانوں کو اردو زبان میں منتقل کیا؟
جواب:۔سید سجاد حیدر یلدرم۔
سوال:۔"نیکی علم ہے اور بدی جہالت" یہ قول کس کا ہے؟
جواب:۔سقراط۔
سوال:۔اردو کی پہلی ناول نگار خاتون کا نام بتایئے؟
جواب:۔رشیدہ النساء بیگم۔
سوال:۔اردو کے پہلے جاسوسی ناول نگار کون تھے؟
جواب:۔ظفر عمر۔
سوال:۔دنیا کی سب سے پہلی کتاب کب شائع ہوئی؟
جواب:۔1457ء۔
سوال:۔علامہ اقبال کی پہلی فارسی تصنیف کون سی ہے؟
جواب:۔مثنوی اسرار خودی۔
سوال:۔خواجہ حسن نظامی نے سب سے پہلا مضمون کس اخبار کے لئے لکھا؟
جواب:۔انڈیا گزٹ کے لئے۔
سوال:۔قلم کا مزدور کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب:۔افضل پرویز۔
سوال:۔کس ممتاز ادیب کو پاکستان کا معمارِ اول کہتے ہیں؟
جواب:۔سر سید احمد خان۔
سوال:۔ادب کی وہ کونسی کتاب ہے جسے دورِ جہالت میں اتنی مقبولیت حاصل تھی کہ اسے خانہ کعبہ کے دروازہ پر لٹکایا گیا؟
جواب:۔سبعہ معلقات (جو آج بھی دینی مدارس میں پڑھائی جاتی ہے)
سوال:۔حضرت شیخ سعدی شیرازیؒ کی وہ کونسی رباعی ہے جس کے چوتھے مصرعے کی آپ ﷺ نے خواب میں بشارت دی؟

جواب:۔ چوتھا مصرعہ صلو علیه و آلہٖ۔ نیچے مکمل رباعی
بلغ العلٰی بکمالہٖ۔ کشف الدجٰی بجمالہٖ۔ حسنت جمیع خصالہٖ۔ صلو علیه و آلہٖ۔

سوال:۔ وہ کونسا مذہب ہے جو اپنے مردوں کو نہ دفناتے ہیں اور نہ ہی جلاتے ہیں بلکہ گِدھوں کے کھانے کے لئے ایک خاص عمارت میں پھینک آتے ہیں۔ اس مذہب اور عمارت کا نام بتائیں؟

جواب:۔ مذہب پارسی اور عمارت کو دخمہ کہتے ہیں۔

سوال:۔ وہ کونسے دو مذہب ہیں جن کے نزدیک تمباکو نوشی حرام ہے؟

جواب:۔ سکھ اور پارسی۔

سوال:۔ دین اسلام کے علاوہ کس مذہب کے بانی نے قرآن پاک کے مطالعے کو انسان کی نجات کا ذریعہ قرار دیا۔

جواب:۔ سکھ مذہب کے بانی بابا گرونانک۔

سوال:۔ ربڑ کا درخت سب سے پہلے کس ملک میں دریافت ہوا اور ربڑ درخت کے کس حصے سے حاصل ہوتا ہے؟

جواب:۔ یہ درخت سب سے پہلے برازیل میں دریافت ہوا۔ اور ربڑ درخت کے دودھ سے حاصل ہوتا ہے۔

سوال:۔ وہ کون سا کیڑا ہے جس کے خون کا رنگ سفید ہوتا ہے؟

جواب:۔ کاکروچ۔

سوال:۔ کس تاریخ کو قائداعظم نے پاکستان کا قومی پرچم منظور کیا تھا؟

جواب:۔ 11 اگست 1947ء۔

سوال:۔ سال کا سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا دن کونسا ہوتا ہے؟

جواب:۔ بڑا دن 22 جون اور چھوٹا دن دسمبر کا ہوتا ہے۔

سوال:۔ پاکستان کا مطلب لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کب اور کس نے تجویز کیا؟

جواب:۔ جناب اصغر سودائی نے 1944ء میں تحریک پاکستان کے زمانے

میں تجویز کیا۔

سوال:۔دنیا کا سب سے بلند ترین کنٹرول ٹاور کس ایئرپورٹ کا ہے اور اس کی اونچائی کتنی ہے؟

جواب:۔رو انسی چارلس ڈیگان ایئرپورٹ کا ٹاور 80 میٹر بلند ہے۔

سوال:۔ہندوستان اور پاکستان کو تقسیم کرنے والا آخری وائسرائے لارڈ مونٹ بیٹن کب، کہاں اور کس طرح ہلاک ہوا؟27

جواب:۔27 اگست 1979ء کو ایئرلینڈ کے ساحل کے قریب کشتی میں دھماکے کے سبب ہلاکت ہوئی۔

سوال:۔دنیا کی سب سے انوکھی، محفوظ ترین اور سب سے قیمتی کار کس بادشاہ کے لئے بنائی گئی؟

جواب:۔معزول شاہ ایران رضا شاہ پہلوی کے لئے۔

سوال:۔وہ کون سا ملک ہے جس کی حکومت عورتوں کو شوہروں کی مار کی وجہ سے زخمی ہونے پر معاوضہ ادا کرتی ہے؟

جواب:۔برطانیہ کی حکومت۔

سوال:۔حبیب بنک لمیٹڈ کا ہیڈ آفس اس وقت کراچی میں ہے۔ پاکستان بننے سے پہلے کہاں تھا؟

جواب:۔بمبئی میں۔

سوال:۔مکمل سورج گرہن زیادہ سے زیادہ کتنے وقت تک رہتا ہے؟

جواب:۔ساڑھے چار منٹ تک۔

سوال:۔دنیا کی سب سے پہلی بادشاہت کس ملک میں قائم ہوئی؟

جواب:۔مصر میں۔

سوال:۔سب سے پہلے ٹریفک اشارے کب اور کہاں لگائے گئے؟

جواب:۔1868ء کو لندن کے پارلیمنٹ چوک میں۔

سوال:۔جیمز بانڈ 007 برطانوی سیکرٹ سروس کے خالق کا نام کیا ہے؟

جواب:۔آئن فلیمنگ اپنے بیٹے کی سالگرہ کے موقع پر ہارٹ اٹیک سے انتقال کر گیا اس کی عمر 56 سال تھی۔

سوال:۔اقوام متحدہ کی تاریخ میں وہ کونسا موقع ہے کہ جب صدر کی تقریب سے قبل قرآن مجید کی تلاوت کی گئی؟

جواب:۔جب صدرِ مملکت جنرل محمد ضیاء الحق شہید نے عالمِ اسلام کا نمائندہ ہونے کی حیثیت سے اقوام متحدہ کے 35ویں اجلاس سے خطاب کیا۔

سوال:۔حکومتِ پاکستان نے ''خلفائے راشدین، صحابہ کرامؓ اور اہلبیتؓ کی شان میں گستاخی کرنے والوں کے لئے سزا کب اور کیا مقرر کی؟

جواب:۔تین سال قید با مشقت اور جرمانہ 15 ستمبر 1980ء کو۔

سوال:۔رمضان المبارک کے مہینے میں سر عام کھانے پینے والوں کے لئے کب اور کیا سزا مقرر کی گئی؟

جواب:۔25 جون 1981ء کو تین ماہ قید اور 500 روپے جرمانہ کی سزا مقرر کی گئی۔

سوال:۔وہ کونسی دو عظیم ہستیاں ہیں جنہوں نے پوری روئے زمین پر حکومت کی؟

جواب:۔حضرت سلیمان علیہ السلام اور حضرت سکندر ذوالقرنین علیہ السلام (القرآن)۔

سوال:۔وہ کونسی عظیم ترین ہستی ہے جس کی حکومت صرف روئے زمین پر ہی نہیں آسمانوں پر بھی ہے؟

جواب:۔آئنہ جمال کبریا، احمد مجتبیٰ رسالت مآب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ۔(مشکوٰۃ)۔

سوال:۔ہر جاندار کا خون ناپاک ہوتا ہے۔لیکن ایک جانور ایسا ہے جس کا خون پاک ہوتا ہے اس کا نام بتائیے؟

جواب:۔مچھر۔بحوالہ نور الایضاح، قدوری، ہدایۃ۔

سائینسی معلومات

سوال:۔سیارے ستارے سورج چاند کیسے بنے؟

جواب:۔ایک عظیم دھماکہ ہوا جو (بگ بینگ) کہلاتا ہے۔جس کے نتیجے میں کہکشاؤں کی شکل میں ظاہر ہوئے۔

سوال:۔زمین کی بیرونی اور اندرونی پرتیں کس طرح کی ہیں؟

جواب:۔قشرِ ارض جس کے اوپر ہم رہتے ہیں کسی ٹھوس چھلکے کی طرح ہے جب کہ کرہ زمین کی اندرونی پرتیں نہایت گرم اور مائع ہیں۔

سوال:۔سطح زمین کس چیز پر ٹھہری ہوئی ہے؟

جواب:۔سطح زمین متعدد ٹھوس ٹکڑوں یعنی پلیٹوں پر ٹھہری ہوئی ہے جن کی اوسط موٹائی تقریباً 100 کلومیٹر ہے یہ پلیٹیں، جزوی طور پر پگھلے ہوئے حصے کے اوپر گویا تیر رہی ہیں۔

سوال:۔انگلیوں کے پوروں کی کیا خصوصیت ہے؟

جواب:۔کسی بھی دو انسانوں کے پوروں کے نشان ایک جیسے نہیں ہوتے حتیٰ کہ ہم شکل بھائی ہی کیوں نہ ہوں۔

سوال:۔انگلیوں کے پوروں کی تحقیق سائنسی طریقہ سے کب ہوئی؟

جواب:۔سر فرانس گائٹ کی تحقیق کے بعد 1880ء میں نشانات انگشت (فنگر پرنٹس) کو شناخت کے سائنسی طریقے کا درجہ حاصل ہوا تھا۔

سوال:۔وہ کونسا ستارہ ہے جو تیرہ لاکھ، تیرہ ہزار، چھپن زمینوں کے برابر ہے؟

جواب:۔سورج۔

سوال:۔انسانی جسم میں ہڈیوں، پسلیوں، سر کے بالوں اور مساموں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب:۔ہڈیاں 206، پسلیاں 24 سر کے بال تقریباً پندرہ ہزار اور مساموں کی تعداد تقریباً پچیس لاکھ ہے۔

سوال:۔سورج کا قطر کتنا ہے؟
جواب:۔آٹھ لاکھ چونسٹھ ہزار میل قطر ہے۔
سوال:۔سورج کا وزن زمین سے کتنے گنا زیادہ ہے؟
جواب:۔تین لاکھ بتیس ہزار گنا زیادہ ہے۔
سوال:۔سورج کی سطح کا درجہ حرارت کتنا ہے؟
جواب:۔5500 سے لے کر 6000 درجہ سینٹی گریڈ تک ہے۔
سوال:۔سورج کے مرکز کا درجہ حرارت کتنا ہے؟
جواب:۔ایک کروڑ بیس لاکھ سینٹی گریڈ ہے۔
سوال:۔چاند کا قطر کتنا ہے؟
جواب:۔2160 میل ہے۔
سوال:۔زمین کی گردش کتنے قسم کی ہے؟
جواب:۔دو قسم کی ہے ایک گردش محوری جس سے دن بدلتا ہے اور دوسری دواری جس سے موسم بدلتے ہیں۔
سوال:۔شمسی توانائی سے چلنے والا اشیاء کا پہلا لائٹ ہاؤس اور لائٹ ٹاور کہاں تعمیر کیا گیا ہے؟
جواب:۔جزیرہ کھڈی کے مقام پر پورٹ قاسم کراچی لگایا گیا۔
سوال:۔خانہ کعبہ کی سب سے پہلی تعمیر ان پہاڑوں کے پتھروں سے کی گئی؟
جواب:۔پانچ پہاڑوں کے پتھروں سے (۱) طور سینا (۲) طور زیتون (۳) جبل لبنان (۴) جبل جوری (۵) جبل حرا۔
سوال:۔دنیا میں سب سے پہلے بھیڑ کے بالوں سے لباس بنا کر کس نے پہنا؟
جواب:۔حضرت آدم علیہ السلام نے۔
سوال:۔زمین اپنے محور میں سورج کے گرد کتنی رفتار سے گردش کرتے ہوئے اپنا چکر کتنی دیر میں مکمل کرتی ہے؟
جواب:۔رفتار 18 میل فی سیکنڈ کے حساب سے 365 دن 5 گھنٹے 48

منٹ میں اپنا چکر مکمل کرتی ہے۔
سوال:۔ زمین جس راستے پر سورج کے گرد چکر لگاتی ہے اسے کیا کہتے ہیں؟
جواب:۔ وہ راستہ مدار کہلاتا ہے۔
سوال:۔ شہاب ثاقب کس چیز کا بنا ہوا ہوتا ہے؟
جواب:۔ شہاب ثاقب عموماً پتھر کا بنا ہوتا ہے اس میں پتھر اور لوہے کے مرکب پائے جاتے ہیں۔
سوال:۔ روشنی کی رفتار کتنی ہے؟
جواب:۔ روشنی کی رفتار ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل فی سیکنڈ ہے۔
سوال:۔ سورج اور چاند کی روشنی کتنی دیر میں زمین تک پہنچتی ہے؟
جواب:۔ سورج کی آٹھ 8 منٹ اور چاند کی روشنی ڈیڑھ سیکنڈ میں پہنچتی ہے۔
سوال:۔ روشنی کیا ہے؟
جواب:۔ روشنی قوت کی ایک شکل ہے۔
سوال:۔ سورج کی روشنی زمین کی طرف کس شکل میں سفر کرتی ہے؟
جواب:۔ روشنی لہروں کی شکل میں دوڑتی ہے یہ لہریں چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں ہمیں دکھائی نہیں دیتیں سیدھی کرنیں نظر آتی ہیں۔
سوال:۔ انسانی آنکھ بغیر دوربین کے کتنے ستارے دیکھ سکتی ہے؟
جواب:۔ دو ہزار ستارے دیکھ سکتی ہے۔

جغرافیائی معلومات

سوال:۔ جغرافیہ کا معنی کیا ہے؟
جواب:۔ زمین کے بارے میں جائزہ جغرافیہ کہلاتا ہے۔
سوال:۔ زمین قطبین سے کس طرح کی نظر آتی ہے؟
جواب:۔ قدرے پچکی ہوئی۔
سوال:۔ زمین اپنے محور کے گرد کتنی رفتار سے گھومتی ہے؟

جواب:۔ 66,600 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے۔
سوال:۔ زمین کی بیرونی پرت کے بعد درمیانی طبقہ آتا ہے اس کی گہرائی کتنی ہے؟
جواب:۔ 1750 میل درمیانی طبقہ کی گہرائی ہے۔
سوال:۔ زمین کا مرکزی طبقہ کتنا گہرا ہے؟
جواب:۔ 2250 میل گہرا ہے۔
سوال:۔ درمیانی طبقہ کس چیز پر مشتمل ہے؟
جواب:۔ چٹانی مادے پر مشتمل ہے جو قدرے گرم سرخ اور کہیں سے سفید ہے یہ مادہ کہیں پر پگھلی ہوئی حالت میں بھی ہے۔ جب آتش فشاں پھٹتا ہے تو مادہ باہر نکلتا ہے۔
سوال:۔ زمین کا مرکزی حصہ کس چیز پر مشتمل ہے؟
جواب:۔ یہ حصہ پگھلتے ہوئے لوہے اور نکل پر مشتمل ہے۔
سوال:۔ زمین کی بیرونی پرت پر کیا پایا جاتا ہے؟
جواب:۔ معدنیات اور گیسیں پائی جاتی ہیں۔
سوال:۔ سب سے بڑا سمندر کون سا ہے اور اس کا رقبہ کتنا ہے؟
جواب:۔ بحرالکاہل رقبہ میلوں میں 64186000 سمندر کے کل رقبہ کا 46% ہے۔
سوال:۔ زمین پر سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا جزیرہ کتنے مربع میل ہے؟
جواب:۔ بڑا گرین لینڈ بحر منجمد شمالی 840000 مربع میل چھوٹا سری لنکا بحر ہند 25,332۔
سوال:۔ زمین پر سب سے بڑا دریا کونسا ہے اور اس کی لمبائی کتنی ہے؟
جواب:۔ دریائے نیل لمبائی میلوں میں 4157 ہے۔
سوال:۔ زمین پر سب سے چھوٹا دریا کونسا ہے؟ اس کی لمبائی کتنی ہے جو سمندر میں گرتا ہے؟
جواب:۔ دریائے دجلہ لمبائی میلوں میں 1180 ہے۔

سوال:۔آبادی کے حساب سے دنیا کا سب سے بڑا شہر کونسا ہے؟
جواب:۔ملک چین شہر شنگھائی۔
سوال:۔ماؤنٹ ایورسٹ دنیا کی بلند ترین چوٹی ہے یہ کونسے پہاڑی سلسلے میں واقع ہے اور اس کی بلندی کتنی ہے؟
جواب:۔کوہ ہمالیہ سلسلے میں واقع ہے اس کی بلندی 29145 فٹ ہے۔
سوال:۔کے ٹو دنیا کی دوسری بڑی چوٹی ہے یہ کس پہاڑی سلسلے میں واقع ہے اور اس کی بلندی کتنی ہے؟
جواب:۔کوہ قراقرم پہاڑی سلسلے میں واقع ہے اس کی بلندی 28250 فٹ ہے۔
سوال:۔زمین پر سب سے بڑا آبشار کس مقام پر ہے اس کا نام اور اونچائی کتنی ہے؟
جواب:۔وینزویلا کے مقام پر آبشار کا نام اینجل بلندی 3212 فٹ ہے۔
سوال:۔دنیا کا سب سے بڑا پل کس ملک میں ہے اور کس چیز کا ہے؟
جواب:۔پل کا نام لیک پونچار ٹرین نمبر 1 امریکا نیو اوور لینز لمبائی 126055 فٹ۔
سوال:۔سب سے بڑا بند کس ملک کا ہے اور کس دریا پر واقع ہے؟
جواب:۔روس 1066 فٹ بلند دریا کا نام داجش ہے۔
سوال:۔سب سے بڑا زلزلہ کس سن میں آیا اور کتنا جانی نقصان ہوا؟
جواب:۔1556ء میں شانی (چین) جو زلزلہ آیا آٹھ لاکھ 30 ہزار افراد ہلاک ہوئے۔

کھیلوں کی معلومات

سوال:۔دنیا کا کون سا کھیل سب سے زیادہ خطرناک ہے کس ملک میں ہوتا ہے؟
جواب:۔سپین میں کھیل بُل فائٹنگ۔
سوال:۔دنیا کے کس کھیل کی وجہ سے سب سے زیادہ تماشائی لڑ کے مرتے ہیں؟
جواب:۔فٹ بال۔

سوال:۔دنیائے فٹ بال کا جادوگر کس کو کہتے ہیں؟
جواب:۔برازیلی فٹ بالر (پیلے) کو۔
سوال:۔وہ کونسے دو کھیل ہیں جن میں پیچھے ہٹنے والا فاتح ہوتا ہے؟
جواب:۔(۱) رسہ کشی (۲) الٹا تیرنا۔
سوال:۔ایشیا کا پہلا آسٹروٹرف کہاں بچھایا گیا؟
جواب:۔کراچی ہاکی سٹیڈیم میں دوسرے چیمپئنز ٹرافی ہاکی ٹورنامنٹ کے لئے۔
سوال:۔بھارت اور پاکستان کے درمیان ہونے والے 3 جنوری 1980ء کو ہاکی میچ میں بھارت کو کتنے گول سے شکست ہوئی؟
جواب:۔7 گول سے بھارت صرف ایک گول کر سکا۔
سوال:۔دوسری چیمپئنز ا کی ٹورنامنٹ سے میچ شروع ہونے سے قبل ہاکی کے کس عظیم کھلاڑی کی یاد میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی؟
جواب:۔دھیان چند، بھارتی کھلاڑی کی یاد میں۔
سوال:۔دوسرے چیمپئنز ہاکی ٹورنامنٹ کا آخری میچ کن ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا اور کس نے جیتا؟
جواب:۔پاکستان اور ہالینڈ، پاکستان نے 2 کے مقابلے میں 3 گول سے جیتا۔
سوال:۔ایسے کھیل میں جن میں گیند استعمال ہوتا ہے بتائیے ان کھیلوں میں کس کھیل کے لئے سب سے بڑے میدان کی ضرورت ہوتی ہے اور اس کی لمبائی کتنی ہوتی ہے؟
جواب:۔پولو 300 گز۔
سوال:۔سائیکل پر ساکن رہنے کا مظاہرہ سب سے زیادہ کتنی دیر کا ہے اور کس نے کیا؟
جواب:۔ایک امریکی سائیکل سوار ڈیوڈ سٹیل نے 25 نومبر 1977ء کو 9 گھنٹے 15 منٹ تک۔
سوال:۔باکسنگ میں کس باکسر نے سب سے زیادہ دولت کمائی؟

جواب:۔محمد علی امریکی باکسر نے۔
سوال:۔شطرنج فارسی کے کس لفظ سے اخذ کیا گیا ہے؟
جواب:۔فارسی کے لفظ شاہ سے۔
سوال:۔کس ملک میں شطرنج کے کھلاڑی سب سے زیادہ ہیں؟
جواب:۔روس میں۔
سوال:۔سب سے زیادہ ایک فٹبال میچ میں ہلاک و زخمی ہونے والی تماشائیوں کی تعداد کتنی ہے اور یہ میچ کون سی ٹیموں کے درمیان تھا؟
جواب:۔ارجنٹائن اور پیرو کے درمیان فٹبال میچ کے دوران ریفری کے ایک متنازع فیصلے پر جھگڑا ہو گیا جس میں 300 افراد ہلاک اور پانچ سو زخمی ہوئے 24 مئی 1964ء۔
سوال:۔کرکٹ کی تاریخ کے اس باؤلر کا نام بتایئے جس کی باؤلنگ کے دوران گیند سے چڑیا ہلاک ہوئی؟
جواب:۔ماجد خاں کے والد جہانگیر خان کی گیند کروانے کے دوران۔
سوال:۔وہ چڑیا کس ملک میں ہلاک ہوئی اسے کس عجائب گھر میں محفوظ رکھا گیا ہے؟
جواب:۔انگلینڈ میں لارڈز کے عجائب گھر میں۔

متفرق معلومات

سوال:۔وہ کونسا مسافر ہے جس نے زندگی میں صرف ایک بار سفر کیا؟
جواب:۔جبلِ طور سینا۔
سوال:۔مرغ اپنی آواز میں کیا کہتا ہے؟
جواب:۔اے غافلو! اللہ کو یاد کرو۔ (فرمانِ حضرت علی کرم اللہ وجہہ)
سوال:۔مینڈک اپنی ٹرٹر کی آواز میں کیا کہتا ہے؟
جواب:۔پاک ہے وہ ذات جس کی تعریف سمندروں میں ہوتی ہے

۔(فرمانِ حضرت علی کرم اللہ وجہہ)۔

سوال:۔بقول حضرت علی کرم اللہ وجہہ، اصحابِ کہف کے کُتے کا رنگ کیا ہے؟

جواب:۔سفید اور سیاہ۔

سوال:۔وہ کون سی چیز ہے جو کائنات میں موجود تو ہے مگر اللہ تعالیٰ نے اسے خلق نہیں کیا؟

جواب:۔قرآن پاک اور دیگر آسمانی کتابیں، کیونکہ وہ اللہ کا کلام ہے اور اس کی صفت ہے مخلوق نہیں۔

سوال:۔وہ کون سی چیز ہے جو اللہ کے پاس نہیں؟

جواب:۔ظلم، عاجزی۔

سوال:۔وہ کونسی چیز ہے جو سانس تو لیتی ہے مگر روح نہیں رکھتی؟

جواب:۔اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتا ہے کہ صبح کی قسم جب وہ سانس لیتی ہے۔

سوال:۔وہ کونسا درخت ہے۔جس کے سائے میں عربی نسل کا گھوڑا ایک ہزار سال تک دوڑتا ہے۔تو بھی اس کے سائے سے نہیں نکل سکتا؟

جواب:۔شجرِ طوبیٰ (جنت کا درخت)۔

سوال:۔وہ کونسا درخت ہے جو بغیر پانی کے پیدا ہوا؟

جواب:۔شجرِ یونسؑ۔(کدو)

سوال:۔وہ کونسا پرندہ ہے۔جو جتنی رفتار سے سیدھا اڑتا ہے اسی رفتار سے پیچھے کی طرف اڑتا ہے اور کہاں پایا جاتا ہے؟

جواب:۔آسٹریلیا میں پایا جانے والا ہمینگ برڈ۔

سوال:۔پاکستان کی شمالاً جنوباً اور شرقاً لمبائی کتنی ہے؟

جواب:۔شرقاً غرباً 1287 کلومیٹر اور شمالاً جنوباً 1505 کلومیٹر ہے۔

سوال:۔آزادی پاکستان کا اعلان کب ہوا؟

جواب:۔3 جون 1947ء کو۔

سوال:۔قائداعظم کو برطانوی پارلیمنٹ نے کب پاکستان کا گورنر جنرل منتخب کیا؟

جواب:۔3اگست 1947ء کو۔
سوال:۔قائداعظم کو کب مسلم لیگ کا مستقل صدر منتخب کیا گیا؟
جواب:۔1934ء میں۔
سوال:۔بانی پاکستان کا انتقال کس بیماری کے باعث ہوا؟
جواب:۔پھیپھڑوں کی بیماری سے۔
سوال:۔مزار قائدؒ کا نقشہ کس نے تیار کیا؟
جواب:۔یحیٰی مرچنٹ نے۔
سوال:۔بانی پاکستان کی سیاسی زندگی کتنے سالوں پر محیط تھی؟
جواب:۔42سال۔
سوال:۔پاکستان کا سب سے بڑا اور سب سے چھوڑا دریا کونسا ہے؟
جواب:۔سب سے بڑا دریائے سندھ اور چھوٹا دریائے راوی ہے۔
سوال:۔پاکستان کی سب سے بڑی نہر کونسی ہے؟
جواب:۔نہر الائیڈ براج۔
سوال:۔پاکستان کی سب سے لمبی سرنگ کونسی ہے اور اس کا نام کیا ہے؟
جواب:۔لمبائی 5 کلومیٹر اور نام لواری سرنگ۔
سوال:۔پاکستان کا قومی نعرہ کیا ہے؟
جواب:۔پاکستان زندہ باد۔
سوال:۔پاکستان ایٹمی طاقت کب بنا اور اس دن کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب:۔28 مئی 1998ء بمقام چاغی 5 ایٹمی تجربات اور اس دن کو یوم تکبیر کہتے ہیں۔
سوال:۔پاکستان کا سب سے بڑا بجلی گھر کونسا ہے؟
جواب:۔منگلا بجلی گھر۔
سوال:۔پاکستان میں توانائی کے بڑے ذریعے کونسے ہیں؟
جواب:۔تیل۔کوئلہ۔گیس۔تھرمل بجلی۔پن بجلی۔

سوال:۔ پاکستان کس چیز کی پیداوار میں دنیا میں پہلے نمبر پر آتا ہے؟
جواب:۔ نمک کی پیداوار۔
سوال:۔ پاکستان میں قدیم ترین مسجد کہاں واقع ہے؟
جواب:۔ بھمبھور میں۔
سوال:۔ پاکستان میں پہلی بار جمعہ کی چھٹی کب منظور ہوئی؟
جواب:۔ یکم جولائی 1977ء میں۔
سوال:۔ حکومت پاکستان نے قادیانیوں کو کب غیر مسلم قرار دیا؟
جواب:۔ 27 اپریل 1974ء میں۔
سوال:۔ پاکستانی پرچم کی بے حرمتی کی سزا کب اور کیا مقرر کی گئی؟
جواب:۔ 28 اگست 1984ء کو 3 سال قید۔
سوال:۔ سب سے پہلے مسلمان خلاباز کا نام بتایئے؟
جواب:۔ شہزادہ سلطان بن عبدالعزیز۔
سوال:۔ سب سے پہلے چاند پر قدم کب اور کس نے رکھا؟
جواب:۔ 20 جولائی 1969ء میں نیل آرمسٹرانگ نے۔
سوال:۔ سفید ہاتھیوں کی زمین کس ملک کو کہتے ہیں؟
جواب:۔ تھائی لینڈ۔
سوال:۔ گنبدوں کا شہر کس ملک میں واقع ہے؟
جواب:۔ استنبول شہر ترکی میں۔
سوال:۔ نوابوں اور گلابوں کا شہر کسے کہا جاتا ہے؟
جواب:۔ نوابوں کا شہر حیدرآباد (بھارت) گلابوں کا شہر شیراز (ایران)۔
سوال:۔ مدینۃ الاولیاء کس شہر کو کہتے ہیں؟
جواب:۔ ملتان۔ پاکستان۔
سوال:۔ آنحضرت ﷺ نے کس پہاڑ کے متعلق فرمایا کہ وہ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں؟

جواب:۔ جبلِ اُحد۔

سوال:۔ کس درخت کی جڑیں سب سے گہری ہوتی ہیں؟

جواب:۔ جنگلی انجیر۔

سوال:۔ تارپین کا تیل کس درخت سے حاصل ہوتا ہے؟

جواب:۔ چیڑ کے درخت سے۔

سوال:۔ کس پھول کو پانی کی ملکہ کہتے ہیں؟

جواب:۔ واٹر للی۔

سوال:۔ دنیا میں سب سے پہلا بنک کس ملک میں قائم ہوا؟

جواب:۔ 1808ء کو اٹلی میں۔

سوال:۔ کون سا مغل بادشاہ صرف تصویر دیکھ کر مصور کا نام بتا دیتا تھا؟

جواب:۔ مغل بادشاہ جہانگیر

پاکستان کی معلومات

سوال: پاکستان کے کتنے صوبے ہیں اور کون کون سے؟

جواب: پاکستان کے چار صوبے ہیں۔ پنجاب، سندھ، شمال مغربی سرحدی صوبہ (صوبہ سرحد) اور بلوچستان۔

سوال: گدو بیراج کب تیار ہوا؟

جواب: 1973ء میں۔

سوال: جھیل سیف الملوک سطح سمندر سے کتنی بلند ہے؟

جواب: 10,200 فٹ۔

سوال: پاکستان کا سب سے خوبصورت بیراج کون سا ہے؟

جواب: چشمہ بیراج۔

سوال: پاکستان کے سب سے چھوٹے بند کا نام بتائیں؟

جواب: وارسک بند۔

سوال: پاکستان کی بلند ترین پہاڑی چوٹی کی بلندی کیا ہے؟

جواب 28,250 فٹ

سوال: سب سے پہلے کے۔ٹو کی چوٹی کس نے سر کی؟

جواب: مسٹر برمن بوئل نے۔

سوال: باب الاسلام پاکستان کے کس علاقے کو کہتے ہیں؟

جواب: سندھ کو۔

سوال: کون سا درہ گلگت اور ایبٹ آباد کو ملاتا ہے؟

جواب: درہ بابوسر۔

سوال: پورٹ قاسم کا سنگ بنیاد کب رکھا گیا؟

جواب: 1976ء میں۔

سوال: وارسک کی آبی سرنگ کی کتنی لمبائی ہے؟

جواب: ساڑھے تین میل (3-1/2) میل

سوال: جیکب آباد (سندھ) کا پرانا نام کیا تھا؟

جواب: خان گڑھ۔

سوال: جہانگیر آباد کس شہر کا پرانا نام ہے؟

جواب: شیخوپورہ (پنجاب)

سوال: پاکستان کے کون سے دو شہر دروازوں کے شہر کہلاتے ہیں؟

جواب: لاہور اور ملتان۔

سوال: پاکستان میں پہلا مارشل لاء کب لگا؟

جواب: 1958ء میں۔

سوال: آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ کون سا ہے؟

جواب: پنجاب۔

سوال: آبادی کے لحاظ سے سب سے چھوٹا صوبہ کون سا ہے؟

جواب: آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا صوبہ بلوچستان سب سے چھوٹا ہے۔

سوال: صوبہ سندھ میں کتنے اضلاع ہیں؟

جواب: صوبہ سندھ کے کل اضلاع کی تعداد 21 ہے

سوال: 23 مارچ کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: 23۔ مارچ قرارداد پاکستان کی منظوری کا دن ہے۔

سوال: یوم دفاع کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

جواب: 6۔ ستمبر

سوال: پاکستان میں کس تاریخ کو یوم آزادی منایا جاتا ہے؟

جواب: 14۔ اگست کو۔

سوال: بانی پاکستان حضرت قائداعظم محمد علی جناح کی پیدائش اور وفات کس کس تاریخ کو منائی جاتی ہے؟

جواب: 25۔ دسمبر یوم پیدائش اور 11۔ ستمبر یوم وفات۔

سوال: بنک ہالیڈے کس دن ہوتی ہے؟

جواب: یکم جنوری اور یکم جولائی کو۔

سوال: مزدوروں کا عالمی دن کب منایا جاتا ہے؟

جواب: یکم مئی کو۔

سوال: مزدوروں کا عالمی دن کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟

جواب: یکم مئی کو۔

سوال: پاکستان کا پہلا دستور کب نافذ ہوا؟

جواب: 23۔ مارچ 1956ء کو۔

سوال: یہ دستور کس نے تیار کیا؟

جواب: چوہدری محمد علی نے۔

سوال: 1973ء کے دستور میں کتنی دفعات ہیں؟

جواب: 280 دفعات۔

سوال: پاکستان کے دستور کی کتاب کا کیا رنگ ہے؟

جواب: سفید

سوال: 1962ء کے دستور میں پاکستان کا کیا نام رکھا گیا تھا؟

جواب: جمہوریہ پاکستان۔

سوال: مشہور قصہ خوانی بازار پاکستان کے کس شہر میں واقع ہے؟

جواب: پشاور (سرحد) میں۔

سوال: پاکستان کے کس شہر کا پرانا نام پرش پور تھا؟

جواب: پشاور کا۔

سوال: دریائے سندھ کا منبع کہاں ہے، یعنی یہ دریا کہاں سے شروع ہوتا ہے؟

جواب: مانسرور جھیل تبت میں۔

سوال: پاکستان کا خشک ترین صوبہ کونسا ہے؟

جواب: بلوچستان۔

سوال: ہلال احمر کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب: ریڈ کراس۔

سوال: دنیا کا سب سے بڑا مٹی کا بنا ہوا بند کونسا ہے اور کہاں ہے؟

جواب: منگلا، اور یہ پاکستان میں واقع ہے۔

سوال: 1956ء کے دستور میں سپریم کورٹ کے ججوں کی کتنی تعداد مقرر کی گئی تھی؟

جواب: 6 جج۔

سوال: پاکستان کا تیسرا آئین کس کے دور حکومت میں بنایا گیا؟

جواب: پاکستان پیپلز پارٹی کے پہلے دور حکومت میں وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی نگرانی میں ۱۹۷۳ء کا تیسرا آئین پاکستان تیار کیا گیا۔

سوال: پاکستان میں بننے والے تیسرے بحری جہاز کا کیا نام ہے؟

جواب: لالہ زار

سوال: پنجاب میں کتنے چڑیا گھر ہیں؟

جواب: تین

سوال: پاکستان کا سب سے بڑا پاور ہوؤس کہاں واقع ہے؟

جواب: حیدر آباد۔

سوال: پاکستان کا سب سے بڑا قبرستان کس شہر میں ہے؟

جواب: ٹھٹھہ (سندھ) میں۔

سوال: پاکستان کا خشک ترین صوبہ کونسا ہے؟

جواب:: بلوچستان۔

سوال: دریائے سندھ کا منبع کہاں ہے؟

جواب:: مانسرور جھیل تبت میں۔

سوال: پاکستان کے کس شہر کا پرانا نام پرش پور ہے؟

جواب:: پشاور، صوبہ سرحد

سوال: 1962ء کے دستور میں پاکستان کا کیا نام رکھا گیا تھا؟

جواب:: جمہوریہ پاکستان۔

معزز قارئین!

ہمارا ادارہ آپ اور آپ کے بچوں کی معلومات کے لیے یہ کتابیں نہائت کم قیمت پر مہیا کرتا ہے۔ ہمارا مقصد صرف مالی منفعت حاصل کرنا ہرگز نہیں ہم زیادہ سے زیادہ معلومات عامہ آپ اور اس قوم کے نونہالوں تک پہنچانا چاہتے ہیں۔

زیرِ نظر کتاب میں متفرق قسم کی معلومات آپ تک پہنچانے کی کوشش کی گئی ہے ان کتابوں کو مرتب کرتے وقت خاص خیال رکھا جاتا ہے کہ معلومات مستند اور اغلاط سے پاک ہوں تاہم بحیثیت انسان تمام تر کوششوں کے باوجود غلطی کا احتمال موجود رہتا ہے اگر آپ اس کتاب میں کسی قسم کی کوئی خامی یا غلطی پائیں تو از راہ کرم ہمیں ضرور مطلع کریں تاکہ آئندہ آڈیشن میں اسے درست کر دیا جائے۔ کتاب کے بارے میں ہمیں آپکی آراء کا انتظار رہے گا کیونکہ آپ کی آراء ہماری راہنمائی کرتی ہیں اور ہم ان کی روشنی میں آپکی زیادہ بہتر خدمت کر سکتے ہیں۔

﴿ادارہ﴾

سوسالہ کیلنڈر

یکم جنوری 2000ء سے 31 دسمبر 2100ء تک

سال دیکھنے کیلئے / مہینہ دیکھنے کیلئے

											جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
2001	2007	2018	2029	2035	2046	2057	2063	2074	2085	2091	A	D	D	G	B	E	G	C	F	A	D	F
2002	2013	2019	2030	2041	2047	2058	2069	2075	2086	2097	B	E	E	A	C	F	A	D	G	B	E	G
2003	2014	2025	2031	2042	2053	2059	2070	2081	2087	2098	C	F	F	B	D	G	B	E	A	C	F	A
2005	2011	2022	2033	2039	2050	2061	2067	2078	2089	2095	F	B	B	E	G	C	E	A	D	F	B	D
2006	2017	2023	2034	2045	2051	2062	2073	2079	2090		G	C	C	F	A	D	F	B	E	G	C	E
2009	2015	2026	2037	2043	2054	2065	2071	2082	2093	2099	D	G	G	C	E	A	C	F	B	D	G	B
2010	2021	2027	2038	2049	2055	2066	2077	2083	2094		E	A	A	D	F	B	D	G	C	E	A	C

لیپ کے سال

				جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
2000	2028	2056	2084	F	B	C	F	A	D	F	B	E	G	C	E
2004	2032	2060	2088	D	G	A	D	F	B	D	G	C	E	A	C
2008	2036	2064	2092	B	E	F	B	D	G	B	E	A	C	F	A
2012	2040	2068	2096	G	C	D	G	B	E	G	C	F	A	D	F
2016	2044	2072	2100	E	A	B	E	G	C	E	A	D	F	B	D
2020	2048	2076		C	F	G	C	E	A	C	F	B	D	G	B
2024	2052	2080		A	D	E	A	C	F	A	D	G	B	E	G

دیکھنے کا طریقہ

اس سوسالہ کیلنڈر میں سالوں، مہینوں، دنوں اور تاریخوں کا گوشوارہ الگ الگ بنا دیا گیا ہے۔ دن معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سال کے ٹیبل کے سامنے جو مہینہ جس انگریزی حرف کے خانے میں ہے اس مہینے میں اپنا مطلوبہ دن اور تاریخ معلوم کریں۔ اس طرح آپ کسی بھی سال، مہینے کی تاریخ اور دن معلوم کر سکتے ہیں۔

دن اور تاریخ دیکھنے کیلئے

میاں بک سنٹر اردو بازار لاہور
042-35048879

A

SUN	MON	TUE	WED	THU	FRI	SAT
	1	2	3	4	5	6
7	8	9	10	11	12	13
14	15	16	17	18	19	20
21	22	23	24	25	26	27
28	29	30	31			

B

SUN	MON	TUE	WED	THU	FRI	SAT
		1	2	3	4	5
6	7	8	9	10	11	12
13	14	15	16	17	18	19
20	21	22	23	24	25	26
27	28	29	30	31		

C

SUN	MON	TUE	WED	THU	FRI	SAT
			1	2	3	4
5	6	7	8	9	10	11
12	13	14	15	16	17	18
19	20	21	22	23	24	25
26	27	28	29	30	31	

D

SUN	MON	TUE	WED	THU	FRI	SAT
				1	2	3
4	5	6	7	8	9	10
11	12	13	14	15	16	17
18	19	20	21	22	23	24
25	26	27	28	29	30	31

E

SUN	MON	TUE	WED	THU	FRI	SAT
31					1	2
3	4	5	6	7	8	9
10	11	12	13	14	15	16
17	18	19	20	21	22	23
24	25	26	27	28	29	30

F

SUN	MON	TUE	WED	THU	FRI	SAT
30	31					1
2	3	4	5	6	7	8
9	10	11	12	13	14	15
16	17	18	19	20	21	22
23	24	25	26	27	28	29

G

SUN	MON	TUE	WED	THU	FRI	SAT
1	2	3	4	5	6	7
8	9	10	11	12	13	14
15	16	17	18	19	20	21
22	23	24	25	26	27	28
29	30	31				

Designed By: Niaz-ul-Haque Pasha 0345-4182724